سوال

(767) مرد کی طبی کمزوری کی وجہ سے طلاق طلب کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ایک عورت ایک مدت سے شادی شدہ ہے اوبچے نہیں ہوئے۔ طبی ٹیسٹ سے معلوم ہوا کہ کمی شوہر میں ہے، اوران میں اولاد ہونا محال ہے، توکیا اس صورت میں عورت کو طلاق طلب کرنے کا حق ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر میڈیکل ٹیسٹ سے یہ واضح ہوگیا ہے کہ صرف شوہر ہی ولادت کی صلاحیت سے محروم ہے، توعورت کو طلاق طلب کرنے کا حق حاصل ہے۔ اگر وہ طلاق دے دے تو بہتر ورنہ قاضی اس کا نکاح فسخ کرسکتا ہے۔ وجہ یہ ہے کہ عورت کو بھی اولاد حاصل کرنے کا حق ہے، اور بہت سی عورتیں صرف اولاد ہی کی خاطر شادی کرتی ہیں۔ لہذا اگر شوہر کے متعلق معلوم ہوا کہ صرف وہی عقیم ہے تو عورت کو مطالبہ طلاق یا فسخ کا حق حاصل ہے۔ اہل علم کے نزدیک یہی قول راجح ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 549

محدث فتویٰ